# UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES LAHORE

# MEDICAL & DENTAL COLLEGE ADMISSION TEST

## (MDCAT) – 2026

# ISSUANCE OF ADMITTANCE CARD & IMPORTANT INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

With reference to the Public Notice issued by the Pakistan Medical & Dental Council (PM&DC) on **6th August, 2026**, the University of Health Sciences (UHS), Lahore, will conduct the Medical & Dental College Admission Test (MDCAT) – 2026 on **Sunday, 20th September 2026** in the following 15 cities of Punjab:

**Lahore, Rawalpindi, Faisalabad, Multan, Bahawalpur, Bahawalnagar, Rahim Yar Khan, D.G. Khan, Layyah, Sahiwal, Gujranwala, Gujrat, Sialkot, Sargodha, and Mianwali.**

## 1. HOW TO PRINT YOUR ADMITTANCE CARD

**Download Admittance Card from Thursday, 10th September 2026**

i. Every candidate shall print and bring a copy of the Admittance Card, which bears the candidate's roll number and allotted examination centre.

ii. Candidates registered for the Punjab MDCAT through the PM&DC Portal may search for and download their Admittance Card from **https://mdcat.uhs.edu.pk** with effect from **Thursday, 10th September 2026**.

iii. To access the Admittance Card, candidates shall enter the **complete CNIC/Passport number** used at the time of registration on the PM&DC Portal. After retrieving the record, the Admittance Card may be downloaded by clicking the **"Download"** button.

iv. The Admittance Card should be printed on white, plain, A4-sized paper. Take a colour print, if possible.

v. **The particulars appearing on the Admittance Card shall correspond to the information provided by the candidate during registration on the PM&DC Portal. If a candidate is unable to retrieve the Admittance Card, or identifies any discrepancy in their name, father's/guardian's name, gender, CNIC/Passport number or photograph, the candidate shall immediately lodge a complaint, supported by relevant documentary evidence, through https://mdcat.uhs.edu.pk.**

## 2. INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

**i. Mandatory Identification**

- Every candidate shall bring a printed copy of the Admittance Card along with one of the following ORIGINAL identification documents:
  CNIC for age 18 and above issued by NADRA, **OR**
  Juvenile Card for age under 18 issued by NADRA, **OR**
  Passport issued by the Directorate General of Immigration and Passports, Ministry of Interior, Government of Pakistan.
- No candidate shall be permitted to enter or appear in the examination without one of these identity documents.
- No other document, such as B-Form/CRC, Domicile, FRC, Birth Certificate, SSC/HSSC certificate, Driving License, etc., is acceptable.

**ii. Timing and Reporting**

- The Examination Centre shall open at **07:30 A.M.** on **Sunday, 20th September, 2026**.
- **All candidates must report before 09:00 A.M. No candidate shall be allowed entry into the Examination Centre after 09:00 A.M.**
- The duration of the test shall be three (03) hours, starting at 10:00 A.M. and concluding at 01:00 P.M.
- No candidate shall be allowed to leave the centre before the conclusion of the paper.

**iii. Prohibited Items**

- The following items are strictly prohibited within the Examination Centre premises:
  **Mobile phones, Calculators, Books, Notes or any written material, Weapons or any arms, Smart or digital watches, Any electronic or communication or Bluetooth device, etc.**
- Possession or use of any prohibited item shall lead to immediate expulsion and cancellation of the paper under the Unfair Means Case (UMC) Regulations. **Such candidates shall be debarred from taking MDCAT examination for further two (02) consecutive years and may also be handed over to Police for legal proceedings as per law.**
- Please note that no facility for safekeeping of valuables shall be provided at the Centre.

**iv. Permitted Items**

Candidates are only allowed to bring:
**Transparent clipboard, Two blue ballpoint pens, Small transparent water bottle.**

**v. Entry Restriction**

**No candidate shall be allowed entry into the Examination Centre after 09:00 A.M. under any circumstances.**

**vi. Parental Instructions**

Parents or guardians are advised to drop the candidates before the commencement of the examination and collect them after the conclusion of the test. They must advise their children not to bring any prohibited item to the test centre.

## IMPORTANT NOTE

**For detailed instructions, please refer to the "MDCAT-2026 Essentials" available on the UHS website www.uhs.edu.pk.**

**Note: It shall be the responsibility of the candidate to establish his or her identity at the test centre by presenting any one of the original identity documents specified above. Candidates producing photocopies, unverified, or unclear documents shall not be permitted to appear in the examination.**

SPL#952

**Vice Chancellor**

University of Health Sciences,
Khayaban-e-Jamia Punjab, Lahore-54600
Ph #: 042-99231305-09

/uhs.lhrofficial | /uhs.lhrofficial | /uhslhrofficial | /uhslhrofficial | www.uhs.edu.pk

Ad Size: 30x4

# یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

## میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج داخلہ ٹیسٹ

## (MDCAT)-2026

# ایڈمٹنس کارڈ کا اجراء اور امیدواروں کیلئے اہم ہدایات

بحوالہ پبلک نوٹس جاری کردہ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل بتاریخ 6 اگست، 2026ء۔

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (UHS) لاہور کے زیرِ اہتمام میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن ٹیسٹ (MDCAT) 2026 بروز اتوار، **20 ستمبر 2026** پنجاب کے درج ذیل 15 شہروں میں منعقد ہوگا:

لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان، بہاولپور، بہاولنگر، رحیم یار خان، ڈیرہ غازی خان، لیہ، ساہیوال، گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ، سرگودھا اور میانوالی۔

**ایڈمٹنس کارڈ**
**10 ستمبر 2026ء**
**سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔**

### 1۔ ایڈمٹنس کارڈ حاصل کرنے کا طریقہ کار

i- ہر امیدوار کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنا ایڈمٹنس کارڈ پرنٹ کر کے امتحانی مرکز لائے۔ اس پر امیدوار کا رول نمبر اور مختص کردہ امتحانی مرکز درج ہوگا۔

ii- پنجاب ایم ڈی کیٹ 2026 کے لیے PM&DC پورٹل پر رجسٹرڈ امیدوار جمعرات، **10 ستمبر 2026** سے ویب سائٹ **https://mdcat.uhs.edu.pk** پر جا کر اپنا ایڈمٹنس کارڈ تلاش، ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کر سکتے ہیں۔

iii- ایڈمٹنس کارڈ حاصل کرنے کے لیے امیدوار وہی مکمل شناختی کارڈ (CNIC) نمبر یا پاسپورٹ نمبر درج کریں جو انہوں نے PM&DC پورٹل پر رجسٹریشن کے وقت استعمال کیا تھا۔ ریکارڈ ظاہر ہونے پر **"Download"** بٹن پر کلک کر کے ایڈمٹنس کارڈ ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

iv- ایڈمٹنس کارڈ سفید رنگ کے سادہ A4 سائز کاغذ پر پرنٹ کریں۔ اگر ممکن ہو تو رنگین پرنٹ حاصل کریں۔

v- ایڈمٹنس کارڈ پر درج تمام معلومات رجسٹریشن کے وقت فراہم کردہ کوائف کے مطابق ہونی چاہئیں۔ اگر ایڈمٹنس کارڈ حاصل نہ ہو سکے یا نام، والد/سرپرست کے نام، جنس، شناختی کارڈ یا پاسپورٹ نمبر یا تصویر میں کوئی غلطی ہو تو متعلقہ ثبوت کے ساتھ فوری طور پر **https://mdcat.uhs.edu.pk** پر شکایت درج کریں۔

### 2۔ امیدواروں کے لیے اہم ہدایات

**i- لازمی شناختی دستاویزات**

- ہر امیدوار اپنے پرنٹ شدہ ایڈمٹنس کارڈ کے ساتھ درج ذیل میں سے **کوئی ایک اصل شناختی دستاویز** لازماً ہمراہ لائے:
  - 18 سال یا اس سے زائد عمر کے امیدوار کے لیے نادرا کا جاری کردہ اصل قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا
  - 18 سال سے کم عمر امیدوار کے لیے نادرا کا جاری کردہ جووینائل کارڈ یا
  - ڈائریکٹوریٹ جنرل آف امیگریشن اینڈ پاسپورٹس، وزارتِ داخلہ کا جاری کردہ اصل پاسپورٹ
- مندرجہ بالا اصل شناختی دستاویزات میں سے کسی ایک کے بغیر کسی امیدوار کو امتحانی مرکز میں داخل ہونے یا امتحان دینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔
- **ب فارم/CRC، ڈومیسائل، FRC، پیدائش کا سرٹیفکیٹ، میٹرک یا انٹرمیڈیٹ کا سرٹیفکیٹ، ڈرائیونگ لائسنس یا کوئی دیگر دستاویز قابلِ قبول نہیں ہوگی۔**

**ii- وقت کی پابندی**

- امتحانی مراکز اتوار، 20 ستمبر 2026 کو صبح 07:30 بجے امیدواروں کیلئے کھول دیے جائیں گے۔
- **تمام امیدواروں کے لیے صبح 9:00 بجے سے پہلے امتحانی مرکز پہنچنا لازمی ہے۔ صبح 9:00 بجے کے بعد کسی بھی امیدوار کو امتحانی مرکز میں داخلے کی اجازت نہیں ہوگی۔**
- امتحان کا دورانیہ تین (3) گھنٹے ہوگا، جو صبح 10:00 بجے شروع ہو کر دوپہر 1:00 بجے اختتام پذیر ہوگا۔
- **امتحان مکمل ہونے سے قبل کسی بھی امیدوار کو امتحانی مرکز سے باہر جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔**

**iii- ممنوعہ اشیاء**

- امتحانی مرکز میں درج ذیل اشیاء سختی سے ممنوع ہیں:

  **موبائل فون، کیلکولیٹر، کتابیں، نوٹس یا کسی بھی قسم کا تحریری مواد، اسلحہ، اسمارٹ یا ڈیجیٹل گھڑیاں، بلوٹوتھ، ہینڈز فری، یا کوئی بھی الیکٹرانک یا مواصلاتی آلہ۔**
- کسی بھی ممنوعہ شے کی موجودگی یا استعمال کی صورت میں امیدوار کو فوری طور پر امتحان سے خارج کر دیا جائے گا، اس کا پرچہ Unfair Means Case (UMC) کے تحت منسوخ کر دیا جائے گا، اور اسے آئندہ **مسلسل دو (2) برس تک MDCAT میں شرکت سے نااہل قرار دیا جائے گا**۔ ضرورت پڑنے پر قانونی کارروائی کے لیے امیدوار کو پولیس کے حوالے بھی کیا جاسکتا ہے۔
- **امتحانی مرکز میں قیمتی اشیاء محفوظ رکھنے کی کوئی سہولت موجود نہیں ہوگی۔**

**iv- امتحانی مرکز میں لانے کی اجازت یافتہ اشیاء**

- امیدوار صرف درج ذیل اشیاء ساتھ لا سکتے ہیں:

  **شفاف (Transparent) کلپ بورڈ — نیلی سیاہی والے دو بال پوائنٹ پین — پانی کی چھوٹی شفاف بوتل**

**v- امتحانی مرکز میں داخلہ**

کسی بھی امیدوار کو صبح 9:00 بجے کے بعد امتحانی مرکز میں داخلے کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔

**vi- والدین اور سرپرستوں کے لیے ہدایات**

والدین یا سرپرست امیدواروں کو امتحان شروع ہونے سے پہلے امتحانی مرکز پہنچائیں اور امتحان ختم ہونے کے بعد واپس لے جائیں۔ وہ اپنے بچوں کو سختی سے ہدایت کریں کہ امتحانی مرکز میں کوئی ممنوعہ شے ساتھ نہ لائیں۔

### اہم نوٹ

**مزید تفصیلی ہدایات کے لیے یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی ویب سائٹ www.uhs.edu.pk پر دستیاب "MDCAT-2026 Essentials" کا مطالعہ کریں۔**

نوٹ: **امتحانی مرکز پر اپنی شناخت ثابت کرنا ہر امیدوار کی اپنی ذمہ داری ہوگی۔ اس مقصد کے لیے اوپر درج اصل شناختی دستاویزات میں سے کوئی ایک پیش کرنا لازم ہے۔ فوٹو کاپی، غیر تصدیق شدہ یا غیر واضح دستاویزات پیش کرنے والے امیدواروں کو امتحان میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔**

**وائس چانسلر**


یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، خیابان جامعہ پنجاب، لاہور-54600
فون: 042-99231305-09


SPL#952